PR NO 39

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل فوری حل کئے جائیں۔وفاقی محتسب
نادرا پاکستانیوں کی سہولت کے لئے بحرین اور بغداد میں اپنے دفاتر قائم کرے۔اعجاز احمد قریشی
سال رواں کے دوران 70 ہزار سے زائد سمندر پار پاکستانیوں کے مسائل حل کئے گئے

اسلام آباد( )وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی نے بیرون ملک مقیم پاکستانیوں سے متعلق تمام سرکاری اداروں کو ہدایت کی ہے کہ وہ ان کے مسائل حل کرنے کے لئے کوئی دقیقہ فروگزاشت نہ کریں۔انہوں نے نادرا کو بحرین اور بغداد میں اپنے دفاتر قائم کرنے اور ائرپورٹ سیکورٹی فورس کو ''یکجا سہولتی مراکز'' پر ڈیوٹی دینے والے OPF کے اہلکاروں کو پاس جاری کرنے کی ہدایت کی ہے۔ انہوں نے کہا کہ بیرون ملک پاکستانی ملکی معیشت کے لئے ریڑھ کی ہڈی کی حیثیت رکھتے ہیں،ان کی وجہ سے پاکستان کو کثیر تعداد میں زرمبادلہ حاصل ہوتا ہے۔وفاقی محتسب نے یہ ہدایات گزشتہ روز بیرون ملک مقیم پاکستانیوں سے متعلق سرکاری اداروں کے ایک مشترکہ اجلاس کی رپورٹ کے بعد دیں۔وفاقی محتسب کے سیکرٹری افضل لطیف کی سربراہی میں منعقدہ اجلاس میں دفتر خارجہ،او پی ایف، نادرا،سی اے اے،ایف آئی اے،اے ایس ایف،آئی بی اور دیگر اداروں کے اعلیٰ افسران نے شرکت کی۔اجلاس میں بیرون ملک پاکستانیوں کے حل طلب مسائل اور دفتری نظام کار کو بہتر بنانے کے حوالے سے تفصیلی گفتگو ہوئی اور ان کے حل کے لئے متعلقہ اداروں کو ہدایات دی گئیں۔اجلاس میں وفاقی محتسب کے سمندر پار پاکستانیوں کے شکایات کمشنر نے مسائل کے بارے میں تفصیلی بریفنگ دی اور بتایا کہ رواں سال کے دوران اب تک 70 ہزار سے زائد بیرون ملک مقیم پاکستانی اس ادارے سے مستفید ہو چکے ہیں۔واضح رہے کہ وفاقی محتسب نے اپنے دفتر میں بیرون ملک مقیم پاکستانیوں کے مسائل کے جلد از جلد حل کے لئے الگ سے ایک شکایات کمشنر آفس قائم کر رکھا ہے جہاں کوئی بھی سمندر پار پاکستانی وفاقی محکموں کی طرف سے اس کے ساتھ ہونے والی ناانصافی یا زیادتی کے خلاف براہ راست شکایات درج کرواسکتا ہے۔

(خالد سیال)
کنسلٹنٹ (میڈیا)
03335333266

25 جولائی 2024ء